cfa.vic.gov.au/languages

کیا میں شعلے یا چنگاریوں والے آلات استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟

سال کے گرم حصوں میں **CFA** سٹیٹ کے مختلف حصوں میں آگ کے خطرے کے زمانوں (**Fire Danger Periods**) کا اعلان کرتی ہے۔ جن دنوں میں آگ تیزی سے پھیلتی ہے اور آگ پر قابو پانا مشکل ہوتا ہے، ایسی پابندیاں ہوتی ہیں کہ آپ شعلے یا چنگاریوں والے کونسے آلات استعمال کر سکتے ہیں اور کونسے استعمال نہیں کر سکتے۔

کیا میں شعلے یا چنگاریوں والے آلات استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Periods)

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Period) میں کھلی جگھوں پر شعلے کے استعمال والا کام جیسے ویلڈنگ، سولڈرنگ، گرائنڈنگ، چارنگ (جلا کر کوئلہ بنانا)، گیس کٹنگ، ریل مینٹننس، bitumen (ٹھوس پٹرولیئم) گرم کرنا، شہد کے چھتوں کو دھواں دینا یا حرارت کے استعمال سے شہد نکالنا منع ہے، سوائے اس کے کہ:

- چنگاریوں، گرم دھات یا خام دھاتوں کے میل کچیل کو روکنے کے لیے آگ برداشت کر سکنے والی شیلڈ یا گارڈ موجود ہو۔
- کام کی جگہ کے گرد کم از کم 1.5 میٹر کے علاقے میں جل سکنے والی کوئی چیز نہ ہو، یا اردگرد کی جگہ کو اس حد تک گیلا رکھا جائے کہ آگ نہ پھیل سکتی ہو۔
- آپ کے پاس نل سے لگا ہوا پائپ، پانی سے آگ بجھانے کا آلہ یا کم از کم 9 لیٹر پانی والا knapsack (آگ بجھانے والا پانی کا بیگ) موجود ہو۔
- کام کے دوران الگ ہونے والی تمام کترنوں اور گرم میٹریلز کو فائر پروف کنٹینرز میں رکھا جائے۔

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن (Total Fire Ban Days)

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں (Total Fire Ban Days) میں ویلڈنگ، گرائنڈنگ اور شعلے کے استعمال والے کاموں کی اجازت نہیں ہوتی۔

بعض محدود حالات میں CFA، ڈیپارٹمنٹ آف انرجی، انوائرنمنٹ اینڈ کلائمیٹ ایکشن (DEECA) یا فائر ریسکیو وکٹوریہ (FRV)آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں (Total Fire Ban days) میں ان کاموں کے لیے پرمٹ دے سکتا ہے۔ اگر آپ کا کام ضروری نوعیت کا ہے اور اس میں دیر نہیں کی جا سکتی تو آپ کو **cfa.vic.gov.au/languages** پر پرمٹ کی درخواست دینی ہو گی۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

مل کر، ہم آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔